فوری ریلیز کے لیے: 2023/19/4 ***KATHY HOCHUL گورنر***

گورنر HOCHUL کا پوری بالائی ریاستِ نیو یارک کے لیے 30 میگا واٹس سے زیادہ کی شمسی توانائی کی تنصیبات کا اعلان

نیو یارک بجلی کی اتھارٹی، نیو یارک کے محکمہ برائے اصلاحات و کمیونٹی نگرانی نے 75,000 سے زائد سولر پینلز کی تنصیب کا کام مکمل کر لیا ہے جو 7,000 گھروں کو بجلی فراہم کرنے کے لیے کافی ہے

یہ تنصیبات کاربن کے اخراج میں 4,500 ٹنز تک کمی لائیں گی اور توانائی کے اخراجات کے مد میں ریاست کے 10$ ملین کی بچت کریں گی

سسٹمز کی تصاویر یہاں دستیاب ہیں

گورنر Kathy Hochul نے آج ارتھ ویک کے دوران، پوری بالائی ریاستِ نیو یارک میں 30 میگاواٹس سے زیادہ کی شمسی توانائی لانے کا اعلان کیا ہے۔ نیو یارک بجلی کی اتھارٹی نے نیو یارک کے محکمہ برائے اصلاحات و کمیونٹی نگرانی کے پانچ سہولیاتی مراکز میں 75,000 سے زائد سولر پینلز پر مشتمل شمسی توانائی کے سسٹمز کو تیار اور نصب کیا ہے جو 7,000 گھروں کو بجلی فراہم کرنے کے لیے کافی ہیں۔ یہ منصوبہ براہ راست آب و ہوا کی قیادت و کمیونٹی تحفظ ایکٹ کے اہداف کی معاونت کرتا ہے، جو 2030 تک نیو یارک کی 70 فیصد بجلی کی ضروریات کو قابلِ تجدید توانائی سے پورا کرنے کا مطالبہ کرتے ہیں، اور اس کے تحت 2025 تک چھ گیگا واٹس بذریعہ شمسی توانائی بجلی حاصل کی جائے گی جو دہائی کے اختتام تک بڑھ کر 10 گیگا واٹس ہو جائے گی۔

"نیو یارک کے آب و ہوا اور آلودگی سے پاک توانائی کے جرات مندانہ عزائم قابلِ تجدید توانائی کے مد میں تاریخی سرمایہ کاریوں کا تقاضہ کرتے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "DOCCS کی سہولیات میں 75,000 سے زائد سولر پینلز کی تنصیب کے ذریعے، نیو یارک نے سب کے لیے زیادہ روشن اور سرسبز مستقبل کی خاطر مثال قائم کرنے کے ذریعے سب سے آگے رہنے کی اپنی روایت جاری رکھی ہے۔"

شمسی توانائی کے پانچ تنصیباتی سلسلے جو وینڈٹ، وسطی ریاست، گرین، مشرقی اور گرین ہیون کے ریاستی اصلاحاتی مراکز میں واقع ہیں، ان کے بارے میں توقع کی جا رہی ہے کہ وہ اپنی تمام تر عمر کے دوران توانائی کے اخراجات کے مد میں 10$ ملین سے زائد کی بچت کریں گے۔ وینڈٹ اور گرین میں واقع اصلاحاتی مراکز میں قائم توانائی کے فوٹوولٹک نظام تقسیم ہونے والی شمسی توانائی میں سے MW 6.9 پیدا کریں گے جبکہ باقی ماندہ مقامات MW 4.9 پیدا کریں گے۔ مجموعی طور، یہ منصوبے کاربن کے تقریبا 4,500 ٹنز اخراج میں کمی لائیں گے - جو کہ سڑکوں سے 880 گاڑیوں کو ہٹانے کے مساوی ہے۔

نیو یارک بجلی کی اتھارٹی کے عبوری صدر اور CEO Justin E. Driscoll نے کہا کہ، "نیو یارک کے آب و ہوا کے ایکٹ کے اہداف کو پانے کے لیے نیو یارک کی شمسی توانائی کے حصول کی قابلیت میں توسیع نہایت اہم عنصر ہے۔ ریاست بھر میں پہلے DOCCS کے مقامات پر نصب سولر توانائی کے نظام توانائی کے اخراجات کی مد میں 10$ ملین سے زیادہ کی بچت کا سبب ہوں گے اور اخراج میں کمی لائیں گے جبکہ نیو یارک کو آلودگی سے پاک توانائی کے جرات مندانہ اہداف کے مزید قریب کریں گے۔"

محکمہ برائے اصلاحات و کمیونٹی نگرانی کے عبوری کمشنر Anthony J. Annucci نے کہا کہ، "DOCCS کو فخر ہے کہ وہ کاربن کے اخراج میں کمی لانے کے گورنر کے ویژن کو پورا کرنے کے لیے اصلاحاتی مراکز کی عمارت پر سولر پینلز کے سلسلوں کی تنصیب کے ذریعے مدد اور کاربن اخراج کے خلاف اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔ جیسا کہ محکمہ عوامی تحفظ میں بہتری کے ہمارے مشن کو جاری رکھے ہوئے ہے، تو اس کے ساتھ ساتھ یہ امر انتہائی اہم ہے کہ ہم خصوصاً ریاست کے آب و ہوا کے حوالے سے اقدامات میں معاونت کے ضمن میں، اثرات کے حوالے سے اصول پسند ہوں۔"

ریاستِ نیو یارک کی تحقیق و ترقیاتی اتھارٹی کی صدر اورCEO Doreen Harris نے کہا کہ، "گورنر Hochul کی قیادت میں، نیو یارک مملکت بھر میں شمسی توانائی کی مضبوط ترین منڈیوں میں سے ایک ہے - جو ہماری اصلاحاتی اور کمیونٹی نگرانی کی سہولیات سمیت ریاست کے کونے کونے میں صاف ستھری، ارزاں نرخ پر بجلی لا رہا ہے۔ یہ پانچ منصوبے پیداواری مقامات پر اخراج میں کمی لائیں گے اور ہمارے آب و ہوا کے اہداف کو پورا کرنے میں مدد کے ساتھ ساتھ ان سہولیات میں بجلی کے اخراجات میں کمی لائیں گے"۔

شمسی منصوبوں کو NY-Sun کے ذریعے ریاستِ نیو یارک توانائی کی تحقیق و ترقی کے محکمے کی جانب سے بھی 5.2$ ملین سے زیادہ وصول ہوئے ہیں، جو کہ ریاست کی 3.3$ بلین پر مشتمل ایک پیش رفت ہے تاکہ شمسی توانائی کے دائرہ کار کو پھیلایا جائے جبکہ ساتھ ہی ساتھ اسے گھروں، کاروباری مراکز اور کمیونٹیز کے لیے زیادہ قابل رسائی بنایا جائے۔ اس کے آغاز کے بعد سے، نجی شعبے میں سرمایہ کاریوں کے مد میں 7.3$ بلین کی سرمایہ کاریوں سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اور اخراجات کے مد میں 73 فیصد کی کمی کے ذریعے نیویارک میں شمسی توانائی کی پیداوار میں 3,000 فیصد سے زیادہ اضافہ ہوا ہے۔ نیو یارک بھر میں تقریباً 13,400 افراد شمسی توانائی سے متعلقہ نوکریوں میں بھی مصروف ہیں۔

حال ہی میں تیار ہونے والے ان پانچ منصوبوں کے علاوہ، NYPA فی الوقت DOCCS سہولت گاہوں میں توانائی کی بچت کے 33 منصوبوں پر کام کر رہا ہے، جس پر کل 124$ ملین لاگت آ رہی ہے جو گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں 27,600 میٹرک ٹنز تک کمی لائے گا - جو کہ سڑکوں سے 6,000 گاڑیوں کو ہٹانے کے مساوی ہے۔ NYPA اور DOCCS توانائی کی بچت کو بہتر بنانے کے اقدامات کی مد میں 230$ ملین کے حصول پر بھی کام کر رہے ہیں جس سے گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں 22,500 میٹرک ٹنز کی اضافی کمی ہو گی۔

NYPA گزشتہ 10 برسوں کے دوران 30 مختلف سہولیاتی مراکز میں واقع توانائی کی بچت کے 46 منصوبوں کے لیے DOCCS کے ہمراہ شراکت داری قائم کر چکا ہے جس سے توانائی اور مرمتی کاموں میں سالانہ 4$ ملین سے زائد کی بچت اور گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں تقریباً 17,000 میٹرک ٹنز کی کمی آئی ہے۔

ریاست نیویارک کا ملک میں پہلا موسمیاتی منصوبہ

ریاست نیویارک کا قومی سطح کا ماحولیاتی ایجنڈا ایک منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کرتا ہے جو خاندانوں کے لیے پائیداری والی ملازمتیں پیدا کرتا ہے، تمام شعبوں میں سرسبز معیشت کو فروغ دیتا ہے اور اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ 40 فیصد کے ہدف کے ساتھ، صاف ستھری توانائی کی سرمایہ کاری کے فوائد کا، کم از کم 35 فیصد حصہ، پسماندہ کمیونٹیز کو دیا جائے۔ ملک کے کچھ انتہائی جارحانہ موسمیاتی اور صاف توانائی کی پہل کاریوں کی رہنمائی میں، نیویارک سنہ 2040 تک کاربن کے صفر کے اخراج والے بجلی کے شعبے کو حاصل کرنے کی راہ پر گامزن ہے، جس میں سنہ 2030 تک 70 فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار، اور وسط صدی تک معیشت میں کاربن سے چھٹکارا شامل ہے۔ اس منتقلی کا ایک سنگِ بنیاد نیو یارک کی صاف توانائی پر بیمثال سرمایہ کاری ہے، بشمول ریاست بھر میں 120 بڑے پیمانے پر قابلِ تجدید اور ترسیلی منصوبوں میں 35$ بلین سے زیادہ، عمارتوں کے اخراج کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کو بڑھانے کے لیے 1.8$ بلین سے زیادہ، صاف نقل و حمل کی پہل کاریوں، اور NY گرین بینک کے وعدوں میں 1.8$ بلین سے زیادہ۔ یہ اور دیگر سرمایہ کاریاں 2021 میں نیویارک کے صاف توانائی کے شعبے میں 165,000 سے زیادہ ملازمتوں اور 2011 سے تقسیم شدہ سولر سیکٹر میں 2,100 فیصد اضافے میں معاونت کر رہی ہیں۔ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کرنے اور ہوا کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے، نیو یارک نے کاربن کے صفر اخراج والی گاڑیوں کے ضوابط کو بھی اپنایا ہے، بشمول سنہ 2035

تک ریاست میں فروخت ہونے والی تمام نئی مسافر کاروں اور ٹرکوں کا اخراج صفر ہونا چاہیے۔ تقریباً 400 رجسٹر شدہ اور 100 سندیافتہ کلائمیٹ سمارٹ کمیونٹیز، تقریباً 500 صاف ستھری توانائی والی کمیونٹیز، اور ریاست بھر میں 10 پسماندہ کمیونٹیز میں ریاست کے سب سے بڑے کمیونٹی ایئر مانیٹرنگ اقدام کے ساتھ نیویارک کی ماحولیاتی کارروائی کو آگے بڑھانے کے لیے شراکت داریاں جاری ہیں تاکہ فضائی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے میں مدد مل سکے۔

NYPA کے متعلق
NYPA ملک میں کسی ریاست کا بجلی کا سب سے بڑا ادارہ ہے، جو 16 پیداواری تنصیبات اور 1,400 سرکٹ میل سے زائد ترسیلی لائنیں چلاتا ہے۔ NYPA جو بجلی پیدا کرتا ہے اس کا 80 فیصد سے زیادہ صاف قابلِ تجدید پن بجلی ہے۔ NYPA اپنے آپریشنز کے لیے بونڈز کی فروخت اور بجلی کی فروخت سے بڑے پیمانے پر حاصل ہونے والے ریونیوز کے ذریعے سرمایہ کاری کرتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے وزٹ کریں www.nypa.gov اور ہمیں Tumblr، Instagram، Facebook، Twitter اور LinkedIn پر فالو کریں۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں